ہفت روزہ پاکستان پوسٹ

## خواہش۔۔۔۔

سلمان رسول

خود لڑوں گا مقدمہ اپنا
اس نے خواہش کا کر دیا اظہار
رنگ لاتی ہے اس کی خواہش کیا
بات کہتا ہے کیا وہ اب کی بار

## مسلم ممالک اور غزہ میں جنگ

حسن عسکری

بادشاہتوں کو چیلنج کریں گے۔ ان ریاستوں کا خیال ہے کہ اگر یہ دونوں تنظیمیں مضبوط ہوئیں تو یہ مشرق وسطیٰ میں طاقت کے توازن کو ایران کے حق میں جھکا دیں گی۔ سعودی مشرق وسطیٰ میں حماس، حزب اللہ اور ایران کے عروج کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ ایران کے علاوہ مشرق وسطیٰ کی دو ریاستیں شام اور عراق نے حماس کی حمایت کی ہوگی۔ تاہم، یہ دونوں ریاستیں اندرونی انتشار کا شکار ہیں۔ غزہ کی پٹی میں جنگ شروع ہونے کے بعد افریقہ اور جنوبی امریکہ کی بعض غیر مسلم اکثریتی ریاستوں نے فلسطینیوں کی عوامی حمایت کرنے کی جرات کا مظاہرہ کیا ہے۔ جنوبی افریقہ نے غزہ میں اپنی فوجی کارروائیوں میں نسل کشی کنونشن کی خلاف ورزی کرنے پر اسرائیل کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں مقدمہ دائر کیا۔ 26 جنوری 2024 کو، عالمی عدالت نے ایک عارضی حکم نامہ جاری کیا جس میں اسرائیل سے کہا گیا کہ وہ فوجی کارروائی کو روکنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے جنہیں نسل کشی سمجھا جا سکتا ہے۔ اب ترکی اور مصر نے اس کیس کے لیے جنوبی افریقہ کو ساتھ ملانے کا فیصلہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

## پنجاب اور مولانا

اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

## زمین اپنے ہی بچوں پر تنگ ہے

وسعت اللہ خان

## فرح گوگی بھی لے لیں

جاوید چوہدری

## ملک میر گلشن، عوام کا خدا حافظ

محمد سعید آرائیں

## اداروں کے درمیان تصادم کا تاثر

مزمل سہروردی

## وفاقی اخراجات میں کمی!

قومی معیشت کی بحالی کیلئے کی جانے والی کوششوں کے کسی حد تک مثبت نتائج برآمد ہونے کا سلسلہ شروع ہو جانے کے باوجود سرکاری اخراجات میں آخری ممکنہ حد تک کمی ناگزیر ہے کیونکہ ماضی کی غلط پالیسیوں کے نتیجے میں ملک بھاری قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے جن کا حجم ہر گزرتے لمحے کے ساتھ بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ سے طویل مدتی قرض کیلئے جو بات چیت جاری ہے، اس میں کامیابی کی ایک ضروری شرط سرکاری اخراجات میں کمی کے اقدامات بھی ہیں چنانچہ وفاقی حکومت کی جانب سے عالمی مالیاتی فنڈ کو گزشتہ روز اخراجات میں کمی لانے کا ایک منصوبہ پیش کر دیا گیا ہے جس کے تحت ایک سال میں تین سو ارب روپے سے زائد کے اخراجات کم کیے جائیں گے۔ منصوبے کے اہم نکات میں گریڈ ایک سے سولہ کی تمام خالی پوسٹوں کا خاتمہ، صوبوں کو ترقیاتی کاموں کیلئے مرکز کی جانب سے فنڈز کی عدم فراہمی، وفاقی وزارتوں کیلئے نئی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی اور نئی یونیورسٹیاں قائم نہ کرنے کا فیصلہ شامل ہے۔ وفاقی حکومت صرف قومی نوعیت کے اہم ترقیاتی منصوبوں کیلئے وسائل مہیا کرے گی جبکہ انفرا اسٹرکچر کے پراجیکٹ سرکاری و نجی شعبے کی شراکت کے تحت مکمل کیے جائیں گے۔ صوبائی حکومتیں اپنے تحت آنے والی جامعات کیلئے مالیات کا انتظام خود کریں گی۔ علاوہ ازیں آئندہ مالی سال سے دفاع اور پولیس کے سوا تمام نئی بھرتیوں کیلئے رضاکارانہ پنشن اسکیم پر بھی غور کیا جا رہا ہے نیز اخراجات میں کمی کی خاطر آئندہ مالی سال سے اراکین اسمبلی کی ترقیاتی اسکیموں پر مکمل پابندی کا بھی امکان ہے۔ تاہم اخراجات میں کمی کا یہ منصوبہ جس پر عمل درآمد کی صورت میں تین کھرب روپے کی بچت کی توقع ظاہر کی گئی ہے، اس کی بعض شقوں کا نتیجہ بظاہر عوامی بہبود کے ترقیاتی کاموں پر منفی اثرات کی شکل میں رونما ہوگا۔ ترقیاتی اسکیموں کیلئے ارکان اسمبلی کو وسائل فراہم نہ کرنا اور بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کے مطابق نئی یونیورسٹیاں قائم نہ کرنا عوامی نقطہ نظر سے مفید نہیں ہوگا۔ عام انتخابات کی مہم کے دوران حکمران اتحاد میں شامل رہنما کہتے رہے ہیں کہ اقتدار میں آنے پر اشرافیہ کی 1500 ارب روپے کی مراعات ختم کر کے معیشت بحال کریں گے۔ بلاشبہ حکمرانوں، اعلیٰ سول، ملٹری اور عدالتی افسروں کو نہایت بھاری بھرکم تنخواہوں کے علاوہ اربوں روپے کی مراعات مفت رہائش، پٹرول، بجلی، گیس، فون اور ملازمین کی فوج کی شکل میں حاصل ہیں، ریٹائر ہونے کے بعد بھی شاہانہ زندگی بسر کرنے کی تمام سہولتیں انہیں عوام کے ٹیکسوں سے فراہم کی جاتی ہیں جبکہ ایک عام مزدور بجلی، گیس کے روز بڑھتے بلوں، بچوں کی تعلیمی فیسوں اور تمام ضروریات زندگی کی روز افزوں مہنگائی کا عذاب جھیلنے پر مجبور ہے۔ قومی وسائل کے ضائع ہونے کا ایک بنیادی سبب پوری سرکاری مشینری میں سرایت کر جانے والا کرپشن کا ناسور بھی ہے۔ اس کے یقینی شواہد بیرون ملک پاکستانیوں کے کھربوں کے اثاثوں کی تفصیلات طشت از بام ہو جانے کے نتیجے میں بارہا سامنے آچکے ہیں۔ حال ہی میں امارات میں ہزاروں پاکستانیوں کی اربوں ڈالر کی جائیدادوں کا انکشاف اس ضمن میں تازہ ترین واقعہ ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی پچھلی حکومت میں اس وقت کے وزیر خزانہ کے یہ بیانات ریکارڈ پر ہیں کہ دو سو ارب ڈالر مالیت کی لوٹی گئی قومی دولت سوئس بینکوں میں موجود ہے جس کی واپسی کے لیے بات چیت میں پیش رفت ہو رہی ہے۔ یہ دولت واپس آئے یا نہ آئے یہ بات تو بہرحال یقینی ہے کہ ہمارے قومی وسائل کا بہت بڑا حصہ کرپشن کی نذر ہو جاتا ہے جس کا کوئی حل تلاش نہیں کیا جا سکا ہے۔ لہٰذا ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے کہ عوامی فلاح کے ترقیاتی کاموں میں کٹوتی کے بجائے اشرافیہ کی مراعات ختم اور کرپشن کے راستے بند کر کے معیشت کی بحالی کے عمل کو نتیجہ خیز بنایا جائے۔

**PAKISTAN POST CA. INC**

1325 Eglinton Ave E, Unit 213,
Mississauga, ON L4W 4L9
TEL: 905-279-5600
FAX: (905) 270-0046

Email: pakistanpost2@bellnet.ca
Web: www.pakistanpost.net

EDITOR-IN-CHIEF/PUBLISHER
AFAQ KHYALI

## GENERAL INFORMATION

The Pakistan Post is printed by The Pakistan Post Group for 10 Different cities of North America The local News and ads are operated by local representatives in each city. All news, views and general policies are controlled and implemented by the headoffice in New York local representatives role is restricted to day to day business in their respective city only.

Readers are encouraged to send pictures, news story ideas, their stories, articales and features. These will be property of The Pakistan Post and will not be returned. The Pakistan Post Reserves the right to reject any agency's insertion order without any prior notice. All ads are subject to the current rate card available

Errors: Errors in ad are subject to the value of space.

بقیہ 1

موجود ہیں جنھوں نے گزشتہ ایک سال سے پنجاب میں ہل چل پیدا کی ہوئی ہے مگر جب تک پنجاب میں یونین کونسل کی سطح پر جمعیت کی تنظیم سازی نہیں ہوگی بات نہیں بنے گی۔ یونین کونسل سطح پر تنظیم سازی کے بعد اگر مولانا کا فوکس پنجاب ہوا تو پاکستانی سیاست میں وہ غیر متوقع اپ سیٹ کر سکتے ہیں۔ جب تک پنجاب نہیں جاگتا کوئی تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی۔ مولانا کو اس بار پنجاب کو جگانے کا علم لے کر آگے بڑھنا ہوگا جس کی ابتدا انھوں نے اپنی حالیہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پنجاب کے عوام کو جھنجھوڑ کر کی۔ ان کا کہنا تھا کہ "پنجاب کے عوام وسائل میں سب سے آگے لیکن سیاسی لحاظ سے سب سے تہی دامن ہیں، بار بار ان ہی لوگوں کو ووٹ دیتے ہیں جو انھیں ہر بار خوار کرتے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کو اس لیے ووٹ نہیں دیتے کیونکہ ہمارے پاس پنجاب کے عوام کا خون چوسنے والے [illegible] نہیں ہیں، ہمارے امیدوار [illegible] کے ایجنٹ نہیں ہیں، ہمارے نمائندے عوام کے درمیان سے عوام کے ہی نمائندے ہوتے ہیں۔ پنجاب کے عوام کو سمجھنا پڑے گا کہ انتخابات میں اچھے حقیقی نمائندوں کو اسمبلیوں میں پہنچانے کے علاوہ بات نہیں بنے گی۔ پنجاب کے عوام کو اس فرسودہ نظام کو بدلنے کے لیے قربانیاں دینا پڑیں گی، چاہے جیلوں میں جانا پڑے یا قبروں میں، مگر اپنی نسلوں کو آزاد کرنا ہوگا۔"

مولانا بلوچستان، سندھ اور خیبرپختونخوا میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کر چکے ہیں اب پنجاب کی باری ہے۔ مگر مولانا کی احتجاجی تحریک کو [illegible] کرنے کے لیے [illegible] پر بھی کام ہو رہا ہے۔ آنے والے دنوں میں ممکن ہے مولانا [illegible] کے قریبی رفقا کے متعلق کردار کشی کی مہم بھی شروع ہو جائے [illegible]

